# طلبی ٹینڈر

ضلع لودھراں میں لٹریسی ڈیپارٹمنٹ کے تحت چلنے والے پراجیکٹ "تعلیم سب کے لیے فیز II" کو 35 نان فارمل ایجوکیشن فیڈر سکولز اور 30 تعلیم بالغاں سنٹرز کیلئے سکول کٹ اور لرنرز کٹ آئٹم 1699500 روپے مالیت سامان کی خریداری کیلئے NTN.GST رجسٹرڈ فرموں سے بذریعہ ڈاک مجوزہ فارم پر ٹینڈر سربمہر مطلوب ہیں۔

**شرائط/قواعد وضوابط:**

1. ٹینڈر دستاویزات جس میں خریداری کی تمام شرائط تفصیل سے بیان کی گئی ہیں مبلغ-/1000 روپے کے عوض دفتر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (لٹریسی) لودھراں سے مورخہ 05-05-2021 تک دفتری اوقات میں حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ ٹینڈر فارم فیس ناقابلِ واپسی ہوگی۔
2. تمام خریداری PPRA Rules2014 کے تحت ہوگی۔ ٹینڈر بشمول Single Stage Two Envelops/PPRA Rules-38 طریقہ کار کے مطابق کی جائے گی۔ انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ فرم ہی ٹینڈر داخل کرانے کی اہل ہوگی۔
3. ٹینڈر دہندگان Estimated Cost کا 2 فیصد زر بیعانہ (Earnest Money) بصورت کال ڈیپازٹ (CDR) اصل بنام ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (لٹریسی) لودھراں فنانشل بڈ کے ساتھ منسلک کرنا ہوگی اور اس کی کاپی ٹیکنیکل بڈ کے ساتھ منسلک کرنا ہوگی۔ چیک ناقابلِ قبول ہوگا۔
4. ٹینڈر مورخہ 05-05-2021 بعد دوپہر بوقت 12:30 بجے تک بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک/دستی یا کوریئر موصول کیے جائینگے اور ٹینڈر اسی روز پرچیز کمیٹی اور فرموں کے مالکان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں 1:00 بجے بعد دوپہر بمقام میٹنگ روم دفتر ڈپٹی کمشنر آفس لودھراں کھولے جائینگے۔ نیز تمام فرمز کے مالکان یا مجاز نمائندگان کے لیے لازم ہوگا کہ اسی دن نمونہ جات جمع کروائیں بصورت دیگر ٹیکنیکل بڈ قابل قبول نہ ہوگی۔
5. سیمپلز انسپکشن کمیٹی سے پاس ہونے کے بعد فنانشل بڈز کھولی جائینگی اور سپلائی آرڈر جاری کامیاب ٹینڈر دہندگان کو جاری کیا جائے گا۔ نرخ فی آئٹم اور فی پیک کے حساب سے دینا ہونگے۔ نیز Evaluation آئٹم وائز کی جائے گی۔
6. نامکمل/مشروط یا تاخیر سے موصول ہونے والے ٹینڈر منسوخ تصور ہونگے اور زیرِ غور نہیں لائے جائینگے۔
7. سامان کی تفصیل ٹینڈر فارم پر موجود ہے۔
8. سامان کی متعلقہ سکولز اور سنٹرز میں فراہمی بذمہ فرم ہوگی۔ ٹرانسپورٹیشن چارجز بذمہ فرم ہونگے۔
9. کامیاب ٹینڈر دہندگان/سپلائی آرڈر کے اجراء کے 30 دن کے اندر اندر سامان مہیا کرنا ہوگا۔ تاخیر کی صورت میں LD چارجز بذمہ فرم ہونگے۔
10. تمام ٹیکسز گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق فرم ادا کرے گی۔ لہذا اسیلز ٹیکس، انکم ٹیکس وغیرہ ریٹ میں شامل کرنا ہونگے۔
11. ٹینڈر میں کسی قسم کی Overwriting/Cutting قابل قبول نہ ہوگی۔
12. فرم کو مالیتی Rs. 100 کے اشٹام پیپر پر اس امر کا ثبوت دینا ہوگا کہ فرم کسی سرکاری محکمے سے ڈس کوالیفائیڈ، بلیک لسٹ یا کسی مقدمہ میں ملوث نہ ہے۔
13. ٹینڈر فارم کے حصول کے لیے فرم اپنے لیٹر پیڈ یا مجاز نمائندہ کے CNIC کی کاپی کے ساتھ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (لٹریسی) لودھراں کے نام تحریر کر کے دے گی۔ ہر فرم کو ٹینڈر فارم کے ساتھ انکم ٹیکس، سیل ٹیکس، رجسٹریشن اور دیگر ضروری کاغذات لف کر کے دینے ہوں گے۔
14. چیئرمین پرچیز کمیٹی کو حق حاصل ہوگا کہ جملہ تشہیر بغیر وجہ بتائے منسوخ کردے۔
15. کامیاب ٹینڈر دہندگان کو سپلائی آرڈر کے وقت سٹور کی کل مالیت کا 5 فیصد پرفارمنس گارنٹی کال ڈیپازٹ کی صورت میں بحق دفتر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (لٹریسی) لودھراں جمع کروانا ہوگا اور سپلائی آرڈر میں مقررہ عرصے کے اندر تمام قسم کا سامان مہیا کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر سیکورٹی بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور بغیر نوٹس دیے ٹینڈر منسوخ کر دیا جائے گا۔ اسکے علاوہ Risk پرچیز کا نقصان فرم کو ادا کرنا ہوگا۔
16. پرچیز کمیٹی کو آئٹم کی خریداری میں کمی بیشی کرنے کا اختیار ہوگا۔
17. نوٹس ہذا کے علاوہ ٹینڈر فارم میں درج شدہ شرائط کی پابندی بھی فرم کے لیے لازمی ہے۔

المشتہر: شازیہ نورین

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (لٹریسی) لودھراں

Ph 0608-921103

Scanned with CamScanner